**Shahabullah/ Shabbir**

**31-03-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی آج میرٹھ میں ایک ریلی سے خطاب کرکے اترپردیش میں چناؤ مہم کا آغاز کریں گے۔

2 اروناچل پردیش میں کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ کے بعد BJP کے 10 ارکان آسمبلی کو بلامقابلہ منتخب قرار دیا گیا ہے۔

3 ED نے آبکاری پالیسی گھپلے سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں دلّی کے وزیر کیلاش گہلوت سے پوچھ تاچھ کی ہے۔

4 دلّی پولیس نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ایکٹ UAPA معاملے میں نیوز کِلک اور اُس کے بانی Prabir Purkayastha کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے شمال مشرقی بھارت کے علاقوں میں کل تک شدید بارش جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

6 اور IPL کرکٹ میں:

کل رات لکھنؤ میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے پنجاب کنگس کو 21 رن سے شکست دی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Meerut

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی آج میرٹھ میں ایک ریلی سے خطاب کرکے اترپردیش میں چناؤ مہم کا آغاز کریں گے۔ BJP نے میرٹھ لوک سبھا سیٹ سے ٹی وی سیریل رامائن سے مشہور ہوئے اداکار ارون گووِل کو میدان میں اتارا ہے۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، راشٹریہ لوک دَل کے صدر جینت چودھری اور BJP کے کئی دیگر رہنما اِس موقع پر موجود ہوں گے۔

اترپردیش میں 7 مرحلوں میں لوک سبھا انتخابات کرائے جارہے ہیں۔ BJP کی قیادت والی NDA نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ وہ مرکز میں دوبارہ اقتدار میں آئے گا۔ اِس کیلئے اترپردیش اہم ریاست ثابت ہوگی، کیونکہ یہاں لوک سبھا کی سب سے زیادہ 80 سیٹیں ہیں۔×

[Maha LS Polls]

مہاراشٹر میں پانچ لوک سبھا سیٹوں کے لیے انتخابی میدان میں کُل 97 امیدوار حصہ لے رہے ہیں، جس کے لیے ووٹنگ19 اپریل کو ہوگی۔ کل پرچہ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ تھی۔ ناگپور، چندرپور، رام ٹیک، Bhandara-Gondiya اور Gadchiroli Chimur پر مشتمل تمام پانچ پانچ سیٹیں ریاست کے ویدربھ خطے میں ہیں۔ صرف رام ٹیک سیٹ پر ہی اہم حریف کانگریس اور وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیوسینا کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ باقی چارسیٹوں پر بی جے پی اور کانگریس آمنے سامنے ہوں گی۔ انتخابی میدان میں 13 امیدوار غیرتسلیم شدہ پارٹیوں سے ہیں جبکہ 12 آزاد امیداور ہیں۔

کانگریس کی رشمی باروے کے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے ایک دن بعد جانچ کے دوران ان کے کاسٹ ویلیڈٹی سرٹیفکیٹ کو کالعدم قرار دیا گیا۔ جس کے بعد ان کی امیدواری مسترد کردی گئی۔

ناگپور میں جہاں 26 امیدواروں کو پرچوں کی جانچ میں صحیح پایا گیا وہاں مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سرکردہ رہنما نتن گڈکری اور کانگریس کے موجودہ رکن اسمبلی وکاس ٹھاکرے کے درمیان اصل مقابلہ ہوگا۔

بھنڈارہ گونڈیا میں BJP کے موجودہ رکن پارلیمنٹ سنیل مینڈھے، کانگریس کے پرشانت پاٹولے سے مقابلہ کریں گے۔ چار امیدواروں کے پرچہ نامزدگی واپس لینے کے بعد یہاں کُل 18 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔

گڈچرولی چیمور میں BJP کے موجودہ رکن پارلیمنٹ اشوک نیتے اور کانگریس کے کسن نام دیو آمنے سامنے ہوں گے جبکہ BSP کے یوگیش گوناڈے تیسرے امیدوار ہیں۔

یہاں چناؤ میدان میں کل دس امیدوار ہیں۔ چندر پور میں BJP کے سدھیر منگنٹی وار اور کانگریس کی موجودہ رکن اسمبلی پرتبھا دھانوکر آمنے سامنے ہوں گے۔ چندر پور میں کُل پندرہ امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔

[Assam Nominations]

آسام میں پہلے مرحلے کے تحت لوک سبھا کی 5 سیٹوں پر ہونے والے انتخابات میں 35 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔کل جورہاٹ سیٹ سے ایک امیدوار نے اپنا نام واپس لے لیا۔

BJP تمام 5 سیٹوں پر چناؤ لڑ رہی ہے۔ کانگریس نے 4 سیٹوں پر اپنے امیدوار کھڑے کئے ہیں، جبکہ وہ

ڈبروگڑھ پارلیمانی حلقے میں Asom Jatiya Parishad کو حمایت دے رہی ہے۔ BJP کی طرف سے مرکزی وزیر سربانند سونووال، ایم پی Pradhan Baruah، کامکھیا پرساد تاشا اور تپن کمار گوگوئی، رُکن اسمبلی رنجیت دتّہ، چناؤ میدان میں ہیں۔ کانگریس ایم پی گورو گوگوئی، سابق MLA روسیلینا ٹرکی اور اُدے شنکر ہزاریکا انتخابی میدان میں ہیں۔ Asom Jatiya Parishad کے صدر Lurinjyoti گوگوئی ڈبروگڑھ سیٹ سے چناؤ لڑرہے ہیں۔×

[Arunachal Polls]

اروناچل پردیش میں BJP کے 10 ارکانِ اسمبلی بلامقابلہ منتخب قرار دئے گئے ہیں۔ ریاست میں کُل امیدواروں کے ذریعے نام واپس لینے کی آخری تاریخ تھی۔ اروناچل پردیش میں واحد مرحلے کے تحت 19 اپریل کو لوک سبھا کی 2 سیٹوں اور 60 اسمبلی حلقوں کیلئے ایک ساتھ انتخابات کرائے جارہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Rakesh Doley

60 رُکنی اروناچل پردیش قانون ساز اسمبلی میں BJP امیدواروں کے ذریعے 10 سیٹوں پر بلامقابلہ منتخب ہونے کے بعد اب بقیہ 50 اسمبلی حلقوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ 6 اسمبلی حلقوں میں ایک ہی پرچۂ نامزدگی داخل کیا گیا، جبکہ 4 دیگر اسمبلی حلقوں میں اپوزیشن امیدواروں نے اپنے پرچے واپس لے لئے۔ وزیر اعلیٰ پیما کھانڈو، نائب وزیر اعلیٰ Chowna Mein اور ایٹا نگر کے ایم ایل اے Techi Kaso اُن اہم امیدواروں میں شامل ہیں، جنہیں بلامقابلہ منتخب قرار دیا گیا ہے۔ BJP نے تمام 60 سیٹوں پر امیدوار کھڑے کئے ہیں، جبکہ کانگریس پارٹی صرف 13 سیٹوں پر چناؤ لڑ رہی ہے۔

لوک سبھا کی 2 سیٹوں کیلئے 14 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ اروناچل ویسٹ سیٹ کیلئے 8 امیدوار جبکہ اروناچل ایسٹ سیٹ کیلئے 6 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔

[MP State Profile]

مدھیہ پردیش میں 29 لوک سبھا سیٹوں کیلئے 4 مرحلوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پہلے مرحلے کے تحت 6 سیٹوں پر ہونے والے انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل مکمل ہوچکا ہے۔ دوسرے مرحلے کے تحت 7 سیٹوں پر ہونے والے چناؤ کیلئے نامزدگی کے پرچے بھرے جارہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sanjeev Sharma

مدھیہ پردیش میں 29 لوک سبھا سیٹوں میں سے 25 سیٹوں پر ہونے والے مقابلے کی تصویر تقریباً واضح ہوچکی ہے۔ BJP نے تمام سیٹوں کیلئے اپنے امیدواروں کا اعلان کردیا ہے۔ کانگریس نے اب تک 3 سیٹوں پر اپنے امیدواروں کا اعلان نہیں کیا ہے۔ کانگریس پارٹی نے ایک سیٹ سماجوادی پارٹی کیلئے چھوڑی ہے۔

BJP نے 11 سیٹوں پر نئے چہرے کو موقع دیا ہے، جبکہ کانگریس نے 18 سیٹوں پر نئے امیدواروں کو کھڑا کیا ہے۔ لوک سبھا کی 7 سیٹیں ایسی بھی ہیں، جہاں پر مقابلہ دونوں پارٹیوں کے نئے امیدواروں کے درمیان ہوگا۔ بھارتیہ جنتا پارٹی نے 6 خواتین کو ٹکٹ دیا ہے، جبکہ کانگریس نے اب تک ایک خاتون امیدوار کو انتخابی میدان میں اتارا ہے۔

مدھیہ پردیش میں پہلے مرحلے کے تحت 6 سیٹوں پر ہونے والے چناؤ میں تقریباً ایک کروڑ 12 لاکھ رائے دہندگان اپنے نمائندوں کا انتخاب کریں گے۔

دوسرے مرحلے کے تحت 7 سیٹوں پر ہونے ولے چناؤ میں ایک کروڑ تین لاکھ سے زیادہ ووٹرس اپنے لیڈروں کا انتخاب کریں گے۔

اِسی طرح تیسرے مرحلے کے تحت 8 لوک سبھا سیٹوں کیلئے ایک کروڑ 60 لاکھ رائے دہندگان اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے، جبکہ چوتھے اور آخری مرحلے کے تحت ڈیڑھ کروڑ سے زیادہ ووٹرس 8 لوک سبھا سیٹوں کیلئے اپنا ووٹ ڈالیں گے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

ED Kaiash

انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ ای ڈی نے دلی کے ٹرانسپورٹ کے وزیر اور عام آدمی پارٹی کے لیڈر کیلاش گہلوت سے دلی آبکاری پالیسی گھپلے معاملے سے وابستہ مبینہ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں کل پانچ گھنٹے تک پوچھ تاچھ کی ہے۔

پوچھ تاچھ کے بعد ای ڈی کے دفتر سے باہر نکلتے ہوئے جناب گہلوت نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انھوں نے ایجنسی کے تمام سوالوں کے جواب دیے اور وہ آگے بھی تحقیقات میں تعاون کرتے رہیں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ انھیں یہ دوسرا سمن ملا تھا اور وہ اس سے پہلے ایک ماہ قبل دلی اسمبلی کے جاری بجٹ اجلاس کی وجہ سے حاضر نہیں ہو سکے تھے۔

ED Kanwar Deep Singh

انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ ای۔ڈی نے ال کیمسٹ گروپ سے متعلق 29 کروڑ روپے سے زیادہ کے منقولہ اور غیرمنقولہ املاک کو عارضی طور پر قرق کرلیا ہے۔

قرق اثاثوں میں ایک بیچ کنگ ایئر C-90A طیارہ اور ہماچل پردیش اور مدھیہ پردیش میں واقع فلیٹ اور زمین شامل ہے۔ ED نے کہا کہ ال کیمسٹ گروپ کے سربراہ آل انڈیا ترنمول کانگریس کے سابق راجیہ سبھا رکن Kanwar Deep Singh ہیں۔

ای ڈی نے سی بی آئی، لکھنو اور کولکاتہ پولیس کی جانب سے بہت سے افراد اور ال کیمسٹ گروپ آف کمپنیز کے خلاف درج ایف آئی آر کی بنیاد پر اپنی تحقیقات شروع کی تھی۔

تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ ال کیمسٹ گروپ نے اپنی کمپنیوں کے سرمایہ کاروں اور متاثرین سے، زیادہ منافع اور فلیٹ اور مکانات دینے کے جھوٹے وعدے کرکے تقریباً ایک ہزار 800 کروڑ روپے کی رقم جمع کی ہے۔

اس معاملے میں انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ نے حال ہی میں آل انڈیا ترنمول کانگریس پارٹی کے Kanwar Deep Singh کی 10 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم منجمد کی ہے۔x

DP Newsclick

دلّی پولیس کے خصوصی سیل نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ایکٹ UAPA معاملے میں نیوز کِلک کے بانی اور ایڈیٹر Prabir Purkayastha کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔ الزامات ہیں کہ نیوز پورٹل نیوز کِلک نے چین کے حق میں پروپیگنڈہ کرنے کیلئے فنڈز حاصل کئے۔ حکام کے مطابق یہ چارج شیٹ تقریباً 9 ہزار صفحات پر مشتمل ہے، جس میں تحقیقات کے دوران مارے گئے کئی چھاپوں کے دوران حاصل کئے گئے 480 الیکٹرانک آلات سے متعلق معلومات درج ہیں۔ چارج شیٹ میں Purkayastha کے خلاف اُن الزامات کا بھی ذکر ہے، جس میں انھوں نے کشمیر اور اروناچل پردیش کو بھارت کا حصہ نہیں قرار دیا ہے۔ دلّی کی پٹیالہ ہاؤس کورٹ اِس معاملے کی اگلی سماعت اگلے مہینے کی 16 تاریخ کو کرے گی۔

دلّی پولیس نے پچھلے سال 3 اکتوبر کو امریکہ کے راستے چین سے غیر قانونی فنڈز وصول کرنے کے الزام میں نیوز کلک کے بانی Prabir Purkayastha کو، ایچ آر ہیڈ امت چکرورتی کے ہمراہ گرفتار کیا تھا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ - آسیہ

راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے سابق وزرائے اعظم چرن سنگھ اور نرسمہاراؤ، بہار کے سابق وزیراعلیٰ کرپوری ٹھاکر اور مشہور زرعی سائنسداں MS سوامی ناتھن کو بعد از مرگ بھارت رتن سے سرفراز کئے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق سابق نائب وزیراعظم LK اڈوانی کو بھی آج بھارت رتن سے نوازا جائے گا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے BJP کی انتخابی منشور کمیٹی کی تشکیل سے متعلق خبر کو صفحۂ اول پرجگہ دی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ 27 رکنی اس کمیٹی کی صدات وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کریں گے۔

روزنامہ ملاپ نے بحیرہ عرب میں بھارتی بحریہ کے اُس آپریشن کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے جس میں بحریہ بارہ گھنٹے طویل کارروائی کے بعد قزاقوں کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کیا۔ اخبار نے لکھا ہے کہ اس کارروائی سے بحری قذاقی کا مقابلہ کرنے اور خطے میں سمندری سرگرمیوں کی حفاظت یقینی بنانے کے بھارتی بحریہ کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے چراغ پاسواں کی لوک جن شکتی پارٹی کی جانب سے اپنے امیدواروں کے ناموں کے اعلان کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔خبر کے مطابق چراغ پاسوان حاجی پور سے چناؤ لڑیں گے۔

روزنامہ انقلاب نے IPL کرکٹ میں لکھنو سوپر جائنٹس کی پنجاب کنگز پر فتح کی خبر کو کھیلوں کے صفحے پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ وہیں اخبار نے لکھا ہے کہ T-20 عالمی کپ کے لیے اپریل کے آخر میں بھارتی ٹیم کا اعلان ہوسکتا ہے۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی آج میرٹھ میں ایک ریلی سے خطاب کرکے اترپردیش میں چناؤ مہم کا آغاز کریں گے۔

2 اروناچل پردیش میں کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ کے بعد BJP کے 10 ارکان اسمبلی کو بلامقابلہ منتخب قرار دیا گیا ہے۔

3 ED نے آبکاری پالیسی گھپلے سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں دلّی کے وزیر کیلاش گہلوت سے پوچھ تاچھ کی ہے۔

4 دلّی پولیس نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ایکٹ UAPA معاملے میں نیوز کِلک اور اُس کے بانی Prabir Purkayastha کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے شمال مشرقی بھارت کے علاقوں میں کل تک شدید بارش جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

6 اور IPL کرکٹ میں:
کل رات لکھنوَ میں لکھنوَ سپر جائنٹس نے پنجاب کنگس کو 21 رن سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---